سمیراء نام رکھنا

مجیب: ابوحفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3248

تاریخ اجراء: 04جمادی الاولٰی1446ھ /07نومبر2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا سمیرا نام اسلامی نام ہے اور اسلامی نام ہونے کے لحاظ سے اس کے کیا معنی ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

"سُمَیْرَاء" ایک صحابیہ رضی اللہ تعالی عنہا کا نام ہے اور حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنا کا فرمایا گیا ہے لہذا یہ نام رکھنا نہ صرف جائز بلکہ حدیث پاک پر عمل کی نیت سے رکھنا باعث ثواب ہے اور امید ہے کہ اللہ تعالی کی نیک بندی کی برکت بچی کے شامل حال ہو گی۔

نیز جب یہ ایک صحابیہ رضی اللہ تعالی عنہا کا نام ہے تو اتنا ہی کافی ہے، لغت کے معنی کی طرف جانے کی ضرورت نہیں۔

الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ میں ہے "سميراء، بالتصغير، بنت قيس الأنصارية مدنية، روى عنها أبو أمامة بن سهل "ترجمہ: سمیراء تصغیر کے ساتھ ہے اور یہ بنت قیس انصاریہ مدنیہ ہیں، ان سے ابو امامہ بن سہل نے روایت کی ہے۔(الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ، ج08، ص189، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

حضرت سیِّدُنا ابو دَرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے کہ نبی پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: انکم تدعون یوم القیامۃ باسماء کم واسماء اباء کم فاحسنوا اسماء کم یعنی قیامت کے دن تم اپنے اور اپنے آباء کے ناموں سے پکارے جاؤ گے، لہٰذا اپنے اچھے نام رکھا کرو۔(سنن ابو داؤد، کتاب الادب، باب في تغيير الاسماء، ج4، ص374، الحدیث:4948، دار احیاء التراث، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیھم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ وتابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات اور بچوں اور بچیوں کے اسلامی نام حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کرلیجیے۔ نیچے دیئے گئے لنک سے آپ اس کتاب کو ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net